قارئین کے خطوط

گلستان بخاری ہمیشہ بے خزاں رہے۔

یوں تو ہمیں روزانہ اپنے قارئین اور مخلصین کے خطوط موصول ہوتے ہیں اور ہم اُن کی باتوں سے لطف اندوز ہوتے اور اُن کے مشوروں سے استفادہ کرتے ہیں۔ مگر ذیل میں دو ایسے خطوط نذر قارئین کئے جا رہے ہیں۔ جو محبت و اخلاص کا مرقع ہیں۔ (ادارہ)

پہلا خط اٹک سے حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مدظلہ کا ہے۔ حضرت قاضی صاحب، حضرت مولانا احمد علی لاہوری قدس سرہ کے خلفاء میں سے ہیں اور ہمارے دیرینہ کرم فرما ہیں۔ دوسرا خط حافظ محمد سلیم انجم صاحب کا ہے جنہوں نے بینائی سے محروم ہونے کے باوجود نقیب سے تعلق استوار رکھا۔ ان کے خط میں اخلاص و محبت کی کیفیت نے اتنا متاثر کیا کہ ہم اپنے آنسوؤں کو نہ روک سکے اللہ تعالی ان حضرات کو سلامت رکھے اور وہ اپنی دعاؤں سے ادارہ کی سرپرستی فرماتے رہیں۔ (ادارہ)

محترم المقام سید عالی نسب جناب سید محمد کفیل صاحب زید مجدکم

سلام مسنون!

ماہ نامہ نقیب باقاعدگی سے آرہا ہے۔

اپنی علالت اور نقاہت کی وجہ سے اس کا پورا مطالعہ تو نہیں کرسکتا البتہ بعض اہم مضامین دیکھ لیتا ہوں۔ جزاک اللہ خیر الجزاء

حضرت امیر شریعت نور اللہ مرقدہ کے جانشین اور ہمارے واجب الاحترام حضرت ابوذر بخاری دامت برکاتہم کی شدید علالت کا پڑھ کر فکر لاحق ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالی اس گلستان بخاری کو ہمیشہ بے خزاں رکھے۔ تاکہ ہم جیسے تہی دامن ان کے سایۂ رحمت و شفقت میں دینی اور روحانی سکون حاصل کرسکیں۔ آمین

اس گناہ گار کا سلام پہنچا دیں اور دعائے حسن خاتمہ سے نوازیں۔

والسلام

خادم

زاھد الحسینی

حال ایبٹ آباد

محترم جناب سید محمد کفیل بخاری صاحب

السلام علیکم!

مایوسیوں نے چھین لئے دل کے ولولے
ہم زندگی میں پھر کوئی ارماں نہ کرسکے

۱۵ جون بروز جمعرات آپ کا ارسال کردہ نقیب ختم نبوت ملاحسب سابق اس مرتبہ بھی مضامین بے حد اچھے تھے۔ یہ آپ کی محنت کا نتیجہ ہے کہ نقیب ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہے۔ اگست ۹۴ء کو میں نقیب کا خریدار بنا اور جولائی ۹۵ء میں ہمارا ایک سال کا معاہدہ ختم ہو رہا ہے۔ جی تو چاہتا تھا کہ ساری زندگی نقیب کا خریدار رہوں مگر میری مجبوریوں نے مجھے ایسا کرنے سے روک رکھا ہے اصل بات یہ ہے کہ میں بینائی سے محروم ہوں اس لئے رسالہ پڑھنے کے لئے مجھے دوسروں کی مدد حاصل کرنا پڑتی ہے اور آج کے دور میں "سلام عرض"، "جواب عرض" اور اسی قماش کے جاسوسی ناول پڑھنے کے لئے تو نئی نسل کے پاس وقت ہے مگر کسی دینی رسالے کو پڑھنے کے لئے فرصت نہیں۔ میں لوگوں کی منتیں کر کے ایک سال تک نقیب کے مضامین پڑھوا کر سنتا رہا۔ اب میری ہمت جواب دے چکی ہے۔ اور مجھ میں سکت باقی نہیں رہی کہ میں لوگوں کے آگے ہاتھ جوڑوں یا منتیں کروں کہ وہ مجھے نقیب پڑھ کر سنائیں۔ میں تو بینائی سے محروم ہوں لیکن آنکھ والے شعور سے محروم ہیں۔ میرے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مجھے صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)

یہ قفس ہی مجھ کو عزیز ہے کہ میں جی تو لوں گا قرار سے
مجھے چمن میں نہ لے چلو کہ میں ڈر گیا ہوں بہار سے

آخر میں آپ سے ایک گذارش ہے کہ حضرت سید عطاء المحسن بخاری صاحب کی تقاریر کے آڈیو کیسٹ مجھے ارسال کریں۔ میں انہیں سن کر ہی دل بہلالیا کروں گا۔

والسلام

حافظ محمد سلیم انجم

بمقام عباس نگر، ضلع بہاولپور

فرمودہ فاروق اعظم رض

جب حلال و حرام جمع ہوں تو حرام غالب آتا ہے اگرچہ تھوڑا سا ہی ہو۔